# 20-12-2024 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے دھرانی پورٹل کا اہم مواد مجرمانہ ریکارڈ رکھنے والی کمپنی کو دینے پر سابق وزیراعلیٰ چندر شیکھر راؤ کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا۔

۲۔ اسمبلی میں آج دھرانی پورٹل کی جگہ متعارف کرائے گئے بھو بھارتی بل کو منظور کرلیا گیا۔

۳۔صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج سکندرآباد میں منعقدہ ایک تقریب کے دوران کالج آف ڈیفنس مینجمنٹ کو پریسیڈنٹس کلرس کے اعزاز سے نوازا۔

اور

۴۔ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی کو آج غیر معینہ مدت کیلئے ملتوی کردیا گیا۔

○○

کانگریس کے ریاستی صدر مہیش کمار گوڑ کا کہنا ہے کہ فارمولہ ای کار ریس کیس میں سابق وزیر کے ٹی راما راؤ کے خلاف مقدمہ جائز ہے اور اس کے مناسب شواہد موجود ہیں۔قانون ساز کونسل کے احاطے میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے گوڑ نے الزام لگایا کہ فارمولہ ای کار ریس میں ہوئی بے ضابطگیوں سے انکار نہیں کیا جاسکتا اور انہوں نے تارک راما راؤ کے دفاعی موقف پر سوال کھڑے کئے۔انہوں نے کہا کہ بی آر ایس لیڈر کے خلاف کئی شواہد موجود ہیں، لیکن وہ خود کو بے قصور بتانے کی کوشش کررہے ہیں۔گوڑ نے کہا کہ حکومت کی جانب سے فراہم کردہ شواہد کی بنیاد پر گورنر نے قانونی مشورہ کے بعد ہی اِس کیس کو منظوری دی ہے۔

○○

تلنگانہ اسمبلی میں فارمولہ ای کار ریس پر بحث کی اجازت نہ ملنے پر بی آر ایس کے ارکانِ اسمبلی نے ایوان سے واک آؤٹ کردیا۔بی آر ایس ارکانِ اسمبلی ای۔کار ریسنگ پر بحث کا مطالبہ کررہے تھے۔ ان کے مطابق کے ٹی راما راؤ نے تلنگانہ کو عالمی منظر پر مزید نمایاں کرنے کے لئے یہ ایونٹ حیدرآباد میں منعقد کیا تھا۔ بی آر ایس ارکان نے پارٹی کے کارگذار صدر کے خلاف مقدمات کے خلاف احتجاج کیا اور دعویٰ کیا کہ ایوان میں مباحث کے بعد ہی حقیقت سامنے آئے گی لیکن ریاستی حکومت نے اِس معاملہ پر بحث کی اجازت نہیں دی، جس کی وجہ سے بی آر ایس ارکان نے احتجاجاً ایوان سے واک آؤٹ کردیا۔

○○

پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی کو آج غیر معینہ مدت کیلئے ملتوی کردیا گیا۔آج صبح لوک سبھا کی کارروائی شروع ہوتے ہی اپوزیشن ارکان نے ڈاکٹر بی آر امبیڈکر سے متعلق مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ کے بیان پر نعرے بازی کی۔ ہنگامہ آرائی کے دوران اسپیکر اوم برلا نے ارکانِ پارلیمنٹ پر زور دیا کہ وہ قواعد پر سختی سے عمل کریں اور پارلیمنٹ کے کسی گیٹ کے قریب احتجاج نہ کریں۔انہوں نے

انتباہ دیا کہ قواعد کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔اسی دوران ایک ملک،ایک انتخاب سے متعلق دو بلوں کو پارلیمنٹ کی مشترکہ کمیٹی سے رجوع کردیا گیا۔ بعد میں اسپیکر نے لوک سبھا کی کارروائی کو بلاتعین وقت کے ساتھ ملتوی کردیا۔راجیہ سبھا کی کارروائی کے آغاز کے ساتھ ہی اپوزیشن ارکان نے ہنگامہ کیا جس کی وجہ سے ایوان بالا کی کارروائی کو 12 بجے دن تک ملتوی کردیا گیا تھا۔ بعد میں جب کارروائی دوبارہ شروع ہوئی تو ایک ملک، ایک انتخاب بل پر قائم مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کے لئے 12 ارکان کی نامزدگی کی تحریک پیش کی گئی۔راجیہ سبھا کے چیرمین جگدیپ دھنکر نے اپنے اختتامی خطاب میں اِس بات پر افسوس کا اظہار کیا کہ ایوان میں مسلسل خلل اندازی کی وجہ سے صرف تقریباً40 فیصد ہی کارروائی ممکن ہوسکی ہے۔انہوں نے ارکان پر جمہوری اقدار پر عمل کرنے پر زور دیا۔بعد میں چیرمین نے ایوان بالا کی کارروائی کو غیر معینہ مدت کے لئے ملتوی کردیا۔

○○

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج سکندرآباد میں منعقدہ ایک تقریب کے دوران کالج آف ڈیفنس مینجمنٹ کو پریسیڈنٹس کلرس کے اعزاز سے نوازا۔کسی بھی ادارہ کی پیشہ وارانہ مہارتوں کے اعتراف میں پریسیڈنٹس کلرس اعزاز دیا جاتا ہے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ دفاعی شعبہ میں خودمختاری اور اسٹراٹیجک شراکت داری سے نہ صرف ملک کی سرحدیں محفوظ ہوں گی بلکہ اس سے عالمی سطح پر اسٹراٹیجک تعلقات مضبوط ہوں گے۔صدر جمہوریہ نے کہا کہ حکومت نے ملک کی دفاعی صلاحیتوں میں اضافہ کے لئے کئی اقدامات اٹھائے ہیں، انہوں نے میک اِن انڈیا، کاروبار میں آسانی اور ڈیولپمنٹ ڈیفنس انڈسٹری کوریڈور کا حوالہ دیا اور کہا کہ ملک کے دفاعی شعبہ میں سرمایہ کاری کے لئے ملکی وغیر ملکی سرمایہ کاروں کی حوصلہ افزائی کی جارہی ہے۔صدر جمہوریہ نے کہا کہ اب وقت آگیا ہے کہ ہندوستان کی خودانحصاری کے نئے مرحلہ کے تحت جدید تکنالوجی سے لیس آلات کی تیاری کی جائے۔اس موقع پر صدر جمہوریہ نے سی ڈی ایم کے خصوصی پوسٹل کور کی رسم اجراء انجام دی۔اس دوران گورنر جشنو دیو ورما نے ایک کتاب کا اجراء کیا اور اس کی پہلی کاپی صدر جمہوریہ کو حوالہ کی۔

○○

ریاستی وزیر پنچایت راج ڈی اناسویا سیتا اکا نے سابق وزیر و بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ کے خلاف سخت ریمارکس کئے۔ اسمبلی احاطہ میں آج میڈیا سے بات کرتے ہوئے سیتا اکا نے آج الزام لگایا کہ بی آر ایس اسمبلی میں ماسک لگاتے ہوئے کئی معاملات پر سیاست کررہی ہے۔ انہوں نے فارمولہ ای۔کار ریس میں مقدمہ کا سامنا کرنے میں پس وپیش پر کے ٹی راما راؤ پر تنقید کی۔ریاستی وزیر نے فارمولہ ای۔ریس پر بحث کے لئے کابینہ کی منظوری نہ لینے اور بزنس اڈوائزری کمیٹی سے اسے رجوع نہ کرنے پر بھی بی آر ایس کی نکتہ چینی کی۔

○○

اسمبلی میں آج دھرانی پورٹل کی جگہ متعارف کرائے گئے بھو بھارتی بل کو منظور کرلیا گیا۔ زرعی زمینوں کے لین سے متعلق یہ پورٹل ہے۔ ریاستی وزیر ریونیو پی سرینواس ریڈی نے بل کو ایوان میں پیش کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ بھو بھارتی قانون کا مقصد ناانصافیوں کی روک تھام ہے۔ انہوں نے دھرانی پورٹل اور سال 2020ء کے ریونیو ایکٹ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اس سے لاکھوں زمین مالکان کو مشکلات پیش آئیں۔ ریاستی وزیر نے زور دے کر کہا کہ زمینی اصلاحات سے متعلق بھو بھارتی قانون قومی سطح پر ایک مثالی ثابت ہوگا۔ انہوں نے اِس بل کو روکنے کے لئے بی آر ایس ارکان اسمبلی کی کوششوں پر تنقید کی۔ ریاستی وزیر نے مزید کہا کہ سابق حکومت نے دھرانی پورٹل میں کئی خامیوں کی نشاندہی کے باوجود اس میں تبدیلیاں نہیں کیں۔ انہوں نے کہا کہ دھرانی پورٹل کے شروع سے ہی لوگوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ بل کی منظوری کے بعد اسپیکر گڈم پرساد نے ایوان کی کارروائی کو کل تک کے لئے ملتوی کردیا۔

○○

انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ کے عہدیداروں نے تصدیق کی ہے کہ اینٹی کرپشن بیورو کی جانب سے بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ، سابق اسپیشل چیف سکریٹری اروند کمار اور ایچ ایم ڈی اے کے سابق چیف انجینئر بی ایل این ریڈی کے خلاف درج کی گئی ایف آئی آر کی بنیاد پر کیس رجسٹرڈ کرنے کا عمل جاری ہے۔ پرنسپل سکریٹری دانا کشور کی جانب سے درج کردہ شکایت کی بنیاد پر ایف آئی آر درج کی گئی۔ دانا کشور کی شکایت کے مطابق فروری 2023ء میں حیدرآباد میں منعقدہ فارمولہ ای۔ ریس کے انعقاد کے دوران 54.88 کروڑ روپے کی بے ضابطگیاں پائی گئی ہیں۔

○○

مرکزی وزیر مملکت برائے کھیل رکشا کھڑسے نے کہا کہ حکومت کی جانب سے نوجوانوں کے لئے شروع کردہ پالیسیوں سے ملک میں سب کی شمولیت سے متعلق حکومت کے عہد کا اعادہ ہوتا ہے۔ مرکزی وزیر نے آج نئی دہلی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ حکومت کی کھیلو انڈیا اور ٹارگٹ اولمپک پوڈیم اسکیم کافی ثمر آور رہی۔ انہوں نے کہا کہ رواں سال پیرس میں منعقدہ اولمپکس میں ملک کو 6 میڈلس اور پیرا اولمپکس میں 29 میڈلس حاصل ہوئے۔

○○

وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے دھرانی پورٹل کا اہم مواد مجرمانہ ریکارڈ رکھنے والی کمپنی کو دینے پر سابق وزیر اعلیٰ چندر شیکھر راؤ کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا۔ انہوں نے کہا کہ سی اے جی کی جانب سے سخت اعتراضات کے باوجود سابق وزیر اعلیٰ مذکورہ کمپنی کو ڈاٹا حوالہ کردیا۔ وزیر اعلیٰ نے اسمبلی میں دھرانی پورٹل کی جگہ بھو بھارتی بل پر بحث کے دوران کہا کہ دھرانی کے ٹنڈرس ایسے افراد کو الاٹ کئے گئے جن کے سنٹیم کمپیوٹر سرویس کے سابق چیرمین بی راما لنگا راجو سے روابط تھے۔ ریونت ریڈی نے مزید کہا کہ دھرانی ٹنڈر حاصل کرنے والے کے ٹی راما راؤ کے قریب تھے۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ نے اِس پر بحث کو روکنے کے لئے سازش کرنے کا بی آر ایس ارکان اسمبلی پر الزام لگایا۔ ای کار ریس میں تارک راما راؤ کے خلاف ایف آئی آر کا حوالہ دیتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ وہ کیس کی تفصیلات ایوان میں نہیں بتا رہے ہیں تاکہ اس سے جانچ کا عمل متاثر ہوسکتا ہے۔۔